# اہم پیغامات: بچوں کی سماعت اور کانوں کی صحت

## سبق اوّل: بچوں میں سماعت

سماعت سے متاثرہ بچوں کو آوازیں سننے یا پہچاننے میں دشواری ہوتی ہے۔ بچوں کو سماعت کے مسائل مختلف اقسام کے ہو سکتے ہیں، جو معمولی سے لے کر سماعت کی شدید کمی تک ہو سکتے ہیں۔ سماعت کی معمولی سے زیادہ کمی والے بچے، دوسرے بچوں کی طرح نہیں سن سکتے۔ دونوں کانوں میں شدید سماعت کی کمی والے بچے بہت کم یا بالکل بھی نہیں سن سکتے۔ اسے **'بہرا پن'** کہتے ہیں۔

متاثرہ سماعت کے زیادہ تر مسائل کو، بچاؤ، علاج یا معاون آلات اور / یا بحالی کے ذریعے حل کیا جا سکتا ہے۔

## سبق دوئم۔ کانوں کی صحت

کان کے تمام حصے صحت مند اور درست طریقے سے کام کرنے چاہئیں تا کہ سماعت معمول کے مطابق ہو۔ معائنہ کے دوران، کان کے اندر اور باہر دونوں اطراف کا معائنہ ضروری ہے۔


صحت مند کان کی پہچان اور کان کی ممکنہ بیماریوں کی علامات کو جاننے کے لیے کان کا حسی معائنہ نہایت ضروری ہے۔ کانوں کی صحت کے مسائل درج ذیل وجوہات کی وجہ سے ہو سکتے ہیں:

- کانوں کا بند ہونا
- کان کا انفیکشن
- طرز زندگی اور ماحولیاتی خطرات

**انتباہ (خبردار):۔** کانوں کے مسائل کی بروقت شناخت ضروری ہے۔ علاج نہ ہونے کی صورت میں سرجری کی ضرورت پڑ سکتی ہے اور کان (سماعت) کو مستقل نقصان پہنچ سکتا ہے۔

### صحت مند کانوں کی نشانیاں:

| کان کے مختلف حصے | صحت کی علامات | تصویر |
|---|---|---|

| | | |
|---|---|---|
| پِنّا (Pinna)<br>کان کا بیرونی حصہ | • زخم، چوٹ، سوجن، کان سے نکلتا ہوا مواد ،کان کے رنگ میں تبدیلی نہیں ہونی چاہیئے۔<br>• پِنا(بیرونی کان)موجود ہے۔ |  |
| کان کی نالی (Ear Canal)<br>بیرونی اور اندرونی کان کو ملانے والی نالی | • کان کی نالی موجود ہے۔<br>• کان کی نالی بند نہیں ہے۔<br>• سوجن یا سرخی نہیں ہے۔ | |
| کان کا پردہ (Ear Drum) | • شفاف ہو (جزوی طور پر آر یا پار نظر آرہا ہو)۔<br>• سفید یا ہلکے سرمئی رنگ کا ہے۔<br>• کوئی سوراخ نہ ہو۔ |  |

## سبق نمبر سوئم: معائنے کے لیے تیاری

### معائنے کے دن سے پہلے

| مرحلہ | عملی اقدام | تصویر |
|---|---|---|
| سامان کی جانچ پڑتال | اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام ضروری سامان موجود ہو اور درست کام کر رہا ہو۔ سامان میں شامل ہیں:<br>• آڈیومیٹر(Audiometer) - سماعت جانچنے والا آلہ<br>• ہیڈ فونز (Head Phones)<br>• اوٹوسکوپ(Otoscope) - کان کا معائنہ کرنے والا آلہ |  |

### معائنے کے دن

| مرحلہ | عملی اقدام | تصویر |
|---|---|---|

| | | |
|---|---|---|
| 1. **جگہ تیار کریں** | • کان اور سماعت کے معائنے کے لیے فرنیچر اور سامان درست ترتیب میں رکھیں۔<br>• پس منظر میں موجود آوازوں کی سطح کا تعین کریں۔ |  |
| 2. **بچوں کو تیار کریں** | • بچوں کو معائنے کے عمل کے بارے میں بتائیں اور انہیں معائنے کا سامان دکھائیں۔ |  |

## سبق چہارم: سماعت اور کانوں کی صحت کا معائنہ

معائنہ فارم ہر بچے کی سماعت اور کان کی صحت میں مددگار ہو گا، نتائج درج کریں اور ان کی ضروریات کے مطابق لائحہ عمل ترتیب دیں۔
اگر بچے نے بصارت کا معائنہ پہلے سے مکمل کر لیا ہے تو معائنے کے لیے ان کی رضامندی اور معائنے سے قبل کیے گئے کے سوالات پہلے ہی درج ہو چکے ہوں گے۔

### سماعت کی جانچ:

سماعت کی جانچ آڈیو میٹر کی مدد سے کی جاتی ہے اس دوران، بچہ ھیڈ فون کے ذریعے مختلف آوازیں سنے گا اور اشارہ کرے گا کہ وہ کون سی آوازیں سن سکتا ہے۔

### سماعت کا معائنہ کرنے کی مشق:

اس امر کو یقینی بنائیں کہ بچہ پورے طریقہ کار کو سمجھ سکتا ہے اور اس کے لیے بچے کے ساتھ مشق کریں۔

1. آواز کی فریکوینسی 1000 ہرٹز پر اور آواز کی سطح 40 db پر رکھیں۔
2. دائیں کان سے شروع کریں اور بچے سے پوچھیں آیا وہ آواز سن سکتا ہے۔
3. نتائج مرتب کریں۔

| نتائج | عملی اقدام |
|---|---|
| اگر بچہ ردِ عمل دے | "ہاں" کا نتیجہ درج کریں اور جاری رکھیں۔ |
| اگر بچہ تین بار کوشش کے بعد بھی ردِ عمل نہ دے | "نہیں" نتیجے میں درج کریں اور کانوں کی صحت کے معائنہ کی طرف جائیں۔ |

**سماعت کا مکمل معائنہ صرف اسی صورت میں جاری رکھیں جب بچے کے دائیں اور بائیں دونوں کانوں کے حوالے سے مثبت ردعمل ظاہر ہو۔**

## سماعت کی جانچ کیسے کریں؟

سماعت کی جانچ کا طریقہ معائنہ کے لیے دی گئی چیک لسٹ (فہرست برائے حوالہ) میں وضاحت سے دیا گیا ہے۔

### سماعت کی جانچ دونوں کانوں میں کی جاتی ہے:

- 1000 ہرٹز (HZ) اور 20 ڈیسی بل (db)
- 2000 ہرٹز (HZ) اور 20 ڈیسی بل (db)
- 4000 ہرٹز (HZ) اور 20 ڈیسی بل (db)

| سماعت کی جانچ کے مراحل | تصویر |
|---|---|
| 1. دائیں کان سے شروع کریں۔ آواز 1000 ہرٹز فریکوینسی پر چلائیں۔<br>2. آواز تین بار سنائیں۔<br>3. ریکارڈ کریں کہ بچہ آواز سن سکتا ہے یا نہیں۔<br>4. یہی عمل ہر فریکوئنسی کے لیے دہرائیں۔ یعنی مرحلہ نمبر 2 اور مرحلہ نمبر 3۔<br>بائیں کان کے لیے بھی یہی عمل دہرائیں۔ |  |

| نتائج | عملی اقدام |
|---|---|
| ہر فریکوئنسی کے لیے دونوں کانوں میں دو یا زیادہ درستگی کے نشان (✔) | پاس |
| کسی بھی فریکوئنسی اور کسی بھی کان کے لیے دو سے کم درستگی کے نشان (✔) | کان کے ماہر کے پاس بھجوائیں |

## کانوں کی صحت کی جانچ

بچے کے کان کے معائنے کے لیے:

1. ہر معائنے سے پہلے اور بعد میں صابن یا ہینڈ سینیٹائزر سے ہاتھ دھوئیں اور خشک کریں۔
2. اوٹوسکوپ (کان کا معائنہ کرنے والے آلے) کو استعمال کر کے کان کے اندر اور باہر کا بغور معائنہ کریں۔

3. معائنہ فارم میں نتائج درج کریں

| نتائج | عملی اقدام |
|---|---|
| دونوں کان صحت مند ہیں | نتیجے کا اندراج کریں اور آگے بڑھیں |
| ایک یا دونوں کان صحت مند نہیں ہیں | کان کے کسی ماہر کے پاس بھیجیں اور وجہ تحریر کریں |

## لائحہ عمل

بصارت اور سماعت کے معائنے کے بعد لائحہ عمل تجویز کریں۔

| نتائج | عملی اقدام |
|---|---|
| **حاضر نہیں ہوا۔** | اگر بچہ معائنے کے دن غیر حاضر تھا، تو اُس کے فارم پر "حاضر نہیں ہوا" لکھیں اور دوبارہ معائنے کے لیئے ٹِک ✔ کریں۔ |
| **تمام مثبت نتائج** | اگر بچہ تمام معائنوں میں کامیاب ہو جاتا ہے تو لائحہ عمل والے حصے کے سامنے "کامیاب" لکھیں۔<br>• بصارت کا معائنہ<br>• آنکھوں کی صحت<br>• سماعت کا معائنہ<br>• کانوں کی صحت |
| **اگر کوئی مسئلہ ہے تو نتیجہ ہے "ریفر"۔** | اگر درج ذیل میں سے کوئی بھی صورت درپیش ہو تو بچے کو کسی ماہر کے پاس بھیجنے سے پہلے والدین / سرپرست کے ساتھ اس ضمن میں گفتگو کریں۔<br>• معائنے سے پہلے کیے گئے سوالات<br>• بصارت کا معائنہ<br>• آنکھوں کی صحت<br>• سماعت کا معائنہ<br>• کانوں کی صحت |
| **والدین یا سرپرست کو تشویش ہے۔** | اگر بچے کا نتیجہ کامیاب ہو لیکن قبل از معائنہ سوالات میں والدین / سرپرست کو بچے کی بصارت یا سماعت کے متعلق تشویش ہو تو: |

| نتائج | عملی اقدام |
|---|---|
| | • نتائج کے بارے میں والدین اور سرپرست سے گفتگو کریں۔<br>• انہیں بچے کی بصارت اور سماعت کے حوالے سے مثبت نتائج سے آگاہ کریں اور دوبارہ معائنے کے لیئے ایک ماہ کا وقت دیں۔ |
| **بچہ پہلے سے ہی چشمہ یا آلہ سماعت استعمال کرتا ہے۔** | اگر بچہ پہلے سے ہی چشمہ یا آلہ سماعت استعمال کر رہا ہے تو ☜"ریفر" درج کریں اور بچے کو نتائج سمیت پہلے سے سہولت فراہم کرنے والے بصارت یا سماعت کے ماہر کے پاس بھجوا دیں۔ |
| **دوبارہ معائنے کی فہرست رجوع کے بعد** | رابطہ کار برائے سکول ان تمام بچوں کی تفصیلات دوبارہ معائنے کی فہرست برائے رجوع میں درج کرتا ہے جن کا نتیجہ ☜ "ریفر" ہو اور یہ فہرست رابطہ کار برائے معائنہ کو فراہم کرتا ہے۔ |